No. of Printed Pages : **2**

OULE-002

00623

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

Term-End Examination

December, 2012

OULE-002 : CONTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

1. اردو داستان نگاری پر روشنی ڈالیے۔ 10

یا

مولوی نذیر احمد کی فکشن نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

2. ہم عصر ناول نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔ 10

یا

راجندر سنگھ بیدی کی افسانوی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

3. قرۃ العین حیدر کے فن پر روشنی ڈالیے۔ 10

یا

رتن سنگھ کی افسانوی خدمات کا احاطہ کیجیے۔

4. اقبال مجید کے افسانوں پر تبصرہ کیجیے۔ 10

یا

جیلانی بانو کے اسلوب کا جائزہ لیجیے۔

5. ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

''میں یہ شادی نہیں کرسکتا، ابو۔''

''کیا، تو یاد رکھو کہ سکندر پور میں بھی شادی نہیں کرسکتے۔''

''یہ میرا ذاتی معاملہ ہے۔''

جملہ پورا کرتے ہی وہ کمرے کے باہر نکل گیا۔ بڑے سرکار بیٹھے دیکھتے رہے، بیٹھے سوچتے سوچتے رہے۔ پیچوان جل گیا۔ مستان کھڑے کھڑے تھک گیا۔ وہ سوچتے رہے، سوچتے رہے۔

جام نگر کے باورچی خانوں سے چوپال تک اور کھلیانوں سے کھیتوں تک یہ خبر پھیل گئی۔ گڑھی کے ملازمین کے چہرے لٹکے ہوئے تھے۔ عورتوں کے تمبا کو بھرے منھ پیکوں کی پچکاریاں مارنا بھول گئے۔ بی بی سرکار چھ عورتوں کے ساتھ شہید مرد بابا کے مزار پر اپنے ہاتھ سے روشنی کرنے گئیں اور دیر تک بیٹھی دعائیں مانگتی رہیں۔ منّت مانتی رہیں۔ جمی اپنے کمرے میں لیٹا ہوا ابو کے احکامات کا انتظار کرتا رہا اور زبیدہ کے خواب دیکھتا رہا۔

(a) جام نگر کے باورچی خانوں سے چوپال تک اور کھلیانوں سے کھیتوں تک کون سی خبر پھیل گئی؟

(b) بی بی سرکار کس کی ماں تھیں؟

(c) زبیدہ کون ہے؟

(d) یہ اقتباس کہاں سے لیا گیا ہے؟

(e) اس اقتباس کا مصنف کون ہے؟